گنج بخش فیض عالم مظہر نور خدا
ناقصاں را پیر کامل کاملاں را راہنما

فیضان ہجویری

حصہ اول

حصہ دوم

مصنف: ڈاکٹر مبشر علی ہجویری

﴿عملیات کی شرعی حیثیت﴾

اس موضوع پر اکابر علماء و مشائخین نے تفصیل سے دلائل کے ساتھ لکھا ہے۔ میں اختصار سے عرض کرتا ہوں کہ جو تعویذات یا دم قرآن و حدیث اور اولیاء کاملین کی تعلیمات کے مطابق ہیں وہ بالکل جائز ہیں۔

شریعت نے جس دم اور تعویز کو شرک اور حرام کہا ہے وہ تعویزات ہیں جن میں بتوں، دیوتاؤں اور شیاطین سے مدد مانگی گئی ہو۔

قرآنی دلیل:

اللہ تعالیٰ نے قرآن حکیم میں ارشاد فرمایا!

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَرَحْمَةٌ لِلْمُؤْمِنِينَ

ترجمہ: "قرآن اہل ایمان کیلئے باعث شفاء ور حمت ہے۔"

حدیث شریف سے دلیل:

مسلم شریف اور دیگر کتب احادیث سے ثابت ہے کہ حضور ﷺ نے اپنے نواسوں کو دم کیا اور تعویزات بنا کر گلے میں ڈالے اور دیگر **صحابہ کرام علیهم الرضوان** سے بھی تعویز ثابت ہے۔

﴿جنات کی حقیقت﴾

قرآنی دلیل:

جنات کے وجود کا انکار نہیں کیا جا سکتا۔ قرآن پاک میں مختلف مقامات پر جنات کا ذکر موجود ہے اور اس نام پر پوری ایک سورہ مبارک "**سورۃ جن**" کے نام سے ہیں۔

قُلْ أُوحِيَ إِلَيَّ أَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ۔

ترجمہ: "اے نبی ﷺ تم فرمادو کہ مجھے وحی ہوئی کہ جنوں نے مجھ سے غور سے قرآن سنا۔"

قوانین و شرائط

جو حضرات اس کتاب سے استفادہ کرنا چاہتے ہیں ان کے لئے چند ضروری قوانین اور شرائط تحریر کر رہا ہوں۔ جن پر عمل از حد ضروری ہے۔

۱۔ اس کتاب کی اجازت مصنف سے لینا ضروری ہے۔

۲۔ کتاب کا ہر عمل جائز مقاصد کے لئے ہو۔

۳۔ عمل کرنے سے پہلے حسب توفیق صدقہ اور دو گانہ نفل ادا کر کے اللہ تعالیٰ کی بار گاہ میں کامیابی کی دعا کریں۔

۴۔ عامل نماز پنجگانہ کا پابند ہو۔

۵۔ عامل تمام شرعی احکامات کا حتی المقدور پابند ہو۔

۶۔ حلال رزق، حلال کمائی کا عادی ہو اور لالچ و طمع سے پاک ہو۔

۷۔ طہارت و پاکیزگی کا خیال رکھے۔

۸۔ عامل کے پاس عملیات کے ذریعے جو آمدنی آئے اس میں سے کچھ حصہ غریبوں کی مدد فی سبیل اللہ کام میں خرچ کرے۔

۹۔ جو بھی حاجت مند آئے اسکو حوصلہ دینا اور اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کی تلقین کرنا۔

۱۰۔ جس عمل میں وقت، تعداد یا کوئی بھی شرائط و لوازمات ہوں اُن کو ضرور پورا کرے۔

۱۱۔ خود بھی گناہ سے بچے اور مخلوق خدا کو بھی گناہ سے بچنے کی تلقین کرے۔

مبتدیوں کے لئے ضروری بات

کسی بھی فن یا شعبہ میں مہارت حاصل کرنے کے لئے اس فن کے ماہر کے سامنے زانوے تلمذ ضرور تہہ کرے، اور رہنمائی حاصل کرے ورنہ رجعت اور تباہی کا شکار ہو گا۔

باالخصوص تسخیر جنات، مؤکلات، وہمزادو حاجات وغیرہ

اس کے لئے کسی کامل استاد کی نگرانی اور رہنمائی ازحد ضروری ہے۔ عملیات کی دنیا میں وہ لوگ ناکام ہوتے ہیں جو کسی استاد کی رہنمائی اور اجازت کے بغیر بازار سے عملیات کی کتاب لیکر عمل شروع کر دیتے ہیں۔ اکثر وہ لوگ رجعت اور پاگل پن میں مبتلا ہوتے ہیں۔

گھریلو حالات اور ذریعہ معاش ابتر ہوتا ہے، پھر دردر کی ٹھوکریں کھاتے پھرتے ہیں۔ کبھی عمل کو غلط تو کبھی مصنف کو بدنام کرتے ہیں۔ حالانکہ قصور اپنا ہوتا ہے عمل میں کوئی شک نہیں ہوتا ہے۔ اس فن کو کسی بھی صاحب علم وفن سے سیکھا جائے اور اجازت لیکر عمل کیا جائے۔ خلوص نیت بھی ہو تو کامیابی قدم چومتی ہے۔

جلالی، جمالی پرہیز

نوری اعمال کے لئے عامل کا تزکیہ نفس ضروری ہے۔ جو کہ اس وقت مفقود ہوتا جا رہا ہے۔ اس لئے عملیات کے ماہرین علماء نے ترک جلالی و جمالی کو اہم نفس قرار دیا ہے۔ **صحابہ کرام علیھم الرضوان** کے لئے کسی چلہ اور ترک جلالی جمالی کی ضرورت نہیں تھی کیونکہ وہ تزکیہ کے اس اعلیٰ درجہ پر فائز تھے کہ کلامِ الٰہی کو ایک بار پڑھ لیتے، اس میں وہ تاثیر پیدا ہوتی ہے جو ہمارے ہزاروں بار پڑھنے سے نہیں ہوتی۔ جیسا کہ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ اور ابو سعید حذری اور دیگر کئی **صحابہ کرام علیھم الرضوان** کے واقعات میں موجود ہیں۔

۱۔ پرہیز جلالی:

مچھلی، گوشت، انڈہ، لہسن، پیاز، شہد، خشک سرکہ، مولی، ہینگ، چھوہارہ، میوہ جات سے مکمل پرہیز کریں۔ اگر پتل استعمال کرنا ہے تو اپنی نگرانی میں کسی مسلمان سے پتل نکلوائیں۔ نشہ آور چیز حتیٰ کہ حقہ، سگریٹ بھی منع ہے۔ چمڑے کے ڈول میں پانی نہ پیئے۔ دریا یا ندی کا پانی استعمال میں لائے۔ وہ بھی مٹی کے برتن میں لائے۔ حیوانات کے چمڑے یا ہڈی سے بنی ہوئی چیز بھی استعمال نہ کرے۔ حجامت، ناخن تراشنا، جماع کرنا منع ہے۔ بغیر سلا ہو کپڑا پہنے، جسم کے کسی حصے سے خون نہ نکالے۔ کسی درخت کا پتہ یا شاخ نہ توڑے، کوئی پھل بھی نہ توڑے، البتہ وہ بال جن کا تراشنا سنت ہے، وہ ضرور بنائیں۔

۲۔ پرہیز جمالی:

گوشت، مچھلی، سرکہ، پیاز، لہسن وغیرہ سے پرہیز کریں۔ دہی اور مٹھائی بھی نہ کھائے، میوہ، سرسوں کا تیل استعمال کر سکتے ہیں۔

حصار

تعریف:

حصار وہ مضبوط قلعہ اور حفاظتی دائرہ ہوتا ہے جو عامل عمل کرنے سے قبل اپنے گرد کھینچتا ہے، اور اس دائرے میں بیٹھ کر عمل کرتا ہے۔ جس کے ذریعے عامل ہر طرح کے خطرات اور نقصانات سے محفوظ ہو جاتا ہے اور حصار ہر عامل کے لئے ضروری ہے۔ عاملین جانتے ہیں کہ دوران عمل یا دوران چلہ پڑھے جانے والے کلام کے تحت کچھ مؤکلین ہوتے ہیں، جو عامل کو پریشان کرتے ہیں یا نقصان پہنچانے کی کوشش کرتے ہیں، حصار کے مختلف طریقے ہیں اس لئے یہاں پر چند اپنے مجرب شدہ حصار قارئین کی نذر کرتا ہوں۔

حصار اوّل:

مضبوط حصار قائم کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ عمل کرنے سے پہلے باوضو حالت میں بیٹھ کر اول آخر درود پاک پہلے سورۃ فاتحہ پڑھیں پھر آیۃ الکرسی اور اس کے بعد چار قل 3-3 بار پڑھے اور اپنے ہاتھوں کی انگلیوں پر دم کرے اور اپنے گرد حصار کھینچ لے۔

حصار دوئم:

ذیل کے کلمات پڑھ کر عامل اپنے اوپر دم کرے اور اپنے گرد حصار کھینچے۔

بِسم اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ آگے محمد پیچھے محمد سیدھے ہاتھ کو امام حسن الٹے ہاتھ کو امام حسین کلید داؤد قفل سلیمان پیغمبر نگہبان پاک ذات لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللهِ یاحافظ یا حفیظ یا ناصر یا نصیر یا نقلیب یا وکیل یا اللہ یا اللہ یا اللہ علیقا ملیقا خالقاً مخلوقاً کافیاً مرتضیٰ بحق یا بدروح و نزل من

القرآن ماھو شفآء ورحمتہ للمومنین مالا لوسار دفائن دعوۃ مرجلیۃ دررجال الغیب بحق حضرت محمّد مصطفیٰ کھلا کھلا ارحم ارحم ترحم عقدتم عقدتم فرفلیس یا اللہ کو سلیمان بن داؤدعلیہ السلام بند شو بندشو بند شو

حصار سوئم: حصار قطبی

بِسم اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ۔ ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَیْکُمْ یَا مِیْکَائِیْلُ یَامِیْکَائِیْلُ یَامِیْکَائِیْلُ مِنْ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَۃً نُّعَاسًا یَّغْشٰی طَا ئِفَۃً مِّنْکُمْ وَ طَائِفَۃٌ یَارَفْتَمَائِیْلُ یَا رَفْتَمَائِیْلُ یَا رَفْتَمَائِیْلُ قَدْ اَھَمَّتْھُمْ اَنْفُسُھُمْ یَظُنُّوْنَ بِاللہِ غَیْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاھِلِیَّۃِ یَاسَرْطَائِیْلُ یَاسَرْطَائِیْلُ یَاسَرْطَائِیْلُ یَقُوْلُوْنَ ھَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَیئٍ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ کُلَّہٗ لِلہِ یُخْفُوْنَ فِیْ اَنْفُسِھِمْ مَا لَا یُبْدُوْنَ لَکَ یَقُوْلُوْنَ لَوْ کَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَیْئٌ مَّا قُتِلْنَا یَا اَمْرَائِیْلُ یَا اَمْرَائِیْلُ یَا اَمْرَائِیْلُ ھٰھُنَا قُلْ لَّوْ کُنْتُمْ فِیْ بُیُوْتِکُمْ لَبَرَزَ الَّذِیْنَ کُتِبَ عَلَیْھِمُ الْقَتْلُ یَااِسْرَافِیْلُ یَا اِسْرَافِیْلُ یَا اِسْرَافِیْلُ اِلٰی مَضَاجِعِھِمْ وَلِیَبْتَلِیَ اللہُ مَا فِیْ صُدُوْرِکُمْ یَا دَرْدَائِیْلُ یَا دَرْدَائِیْلُ یَا دَرْدَائِیْلُ وَلِیُمَحِّصَ مَا فِیْ قُلُوْبِکُمْ وَاللہُ عَلِیْمٌ بذَاتِ الصُّدُوْر اَھْیًا اِشْرَاھِیًا عَلِیْقًا مَلِیْقًا تَلِیْقًا خَالِقًا مَخْلُوْقًا بِحَقِّ کھیٰعص و بِحَقِّ حمٓ عسقٓ وبِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَاکَ نَسْتَعِیْن بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْن۔ یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا غفور یا غفور یا غفور یا کریم یا کریم یا کریم یا ستار یا ستار یا ستار و صلی اللہ تعالیٰ علیٰ محمّد و آلہ و اصحابہ وسلم کثیرا کثیر ابداً ۔ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْن۔

طریقہ زکوۃ:

بعد نماز عشاء ایک الگ کمرے کا اہتمام کریں اور دو رکعت نفل صلوۃ حاجت کی نیت سے پڑھے اسکے بعد ۴۱بار درود پاک اور اسکے بعد ۴۱ بار حصار قطبی اور پھر درود شریف ۴۱ بار پڑھ کر عمل کی کامیابی کے لئے دعا کرے۔ اس طرح چالیس دن کا عمل ہے، بعد گیارہ بار روزانہ کی مدامت رکھنی ہے۔ جب بھی حصار کرنا ہو تو ایک بار پڑھکر اپنے جسم پر پھونک مار دے حصار ہو جائیگا۔ انشاء اللہ العزیز

حصار چہارم: رکھ کا حصار

رکھ رکھ اللہ محمد کی رکھ ماتا پیتا کی رکھ زمین آسمان کی رکھ اونچاس کروڑ دھرتی کی رکھ دولہے راجا کی رکھ ہاف واس کی رکھ اتنیاں رکھاں رکھ کے کون پہنے رکھ جن بناں بھوت بناں دیو پری چڑیل گد ھیلی مسان بناں بن کے کراں زیر گرو کا بچہ نالے پیر ہوشیاری محمد کھیتر پال۔ محمد توں اُتاں چڑھے وہ فٹ مرے کم سو جو اللہ محمد مہر پیر مرشد کرے شاہ رکن عالم مار مودی زیر کر تاویتو دم دستگیر سلام قولا من رب الرحیم

عامل کے لئے حصار:

برائے حفاظت عاملین وغیرہ

بِسم اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم لَااِلٰہَ اِلاَّ اللّٰہُ حِجَا بٌ بَیْنِی وَبَیْنَکُم مَکْرِہٖ مَاکرہ لَااِلٰہ الا اللہ حِجَابٌ بَیْنِی وَبَیْنَکُم بَلاَءٍ وَ اٰمَنٍ بِرحمتِک یاارحم الرّحمٰین۔

ان کلمات کو صبح وشام ۱۱-۱۱بار پڑھکر اپنے دونوں پر ہاتھوں پر دم کرکے پورے جسم پر پھیریں۔ گھر اور دوکان چاروں کونوں میں دم کریں۔

اس حصار کے لئے خصوصی اجازت ضروری ہے۔

مضبوط ترین حصار:

جس گھر پر بار بار جادو ہوتا ہو یا جنات کا تسلط ہو اس گھر کی حفاظت کے لئے اور جادو گر کے وار سے گھر کو محفوظ کرنے کے لئے بے مثال حصار ہے۔۔۔۔ پانچ عدد لوہے کے کیل ۳نمبر والا لیکر ایک کیل پر آیۃ الکرسی ۳۳بار دم کرکے ایک کونے میں لگائیں پھر وہاں سے چلتے ہوئے یاحفیظ کا ورد کرتے ہوئے دوسرے کونے میں جاکر دوسرے کیل پر آیۃ الکرسی ۳۳بار پڑھ کر دم کرکے اور کونے میں لگادیں پھر وہاں سے چلیں تیسرے کونے کی

طرف اور یاحفیظ کا ورد کرتے ہوئے تیسرے کونے میں جا کر تیسرا کیل لیں اور اس پر آیۃ الکرسی ۳۳بار پڑھ کر دم کر کے اسی کونے میں لگا دیں۔ اور وہاں سے چل کر چوتھے کونے میں جائیں اور یاحفیظ کا ورد جاری رکھیں چوتھے میں جا کر چوتھا کیل اور اس پر آیۃ الکرسی ۳۳بار دم کر کے اسی کونے میں لگا دیں پھر وہاں سے مکان کے وسط میں آئیں اور یاحفیظ کا ورد رکھیں وسط میں آ کر پانچویں کیل پر ۳۳بار دم کر کے مکان یا دوکان کے وسط میں لگائیں اور زبان سے کہیں کہ اے آیۃ الکرسی کے مؤکلات اس جگہ پر تمہاری ڈیوٹی ہے آئندہ اس گھر کی اور اہل خانہ کی اللہ تعالیٰ کے حکم سے حفاظت کرنی ہے۔ اہل خانہ مہینہ میں ایک بار آیۃ الکرسی کے مؤکلات کی نیاز ضرور دیا کریں۔ انشاء اللہ حفاظت رہے گی۔

حصارِ خاص:

ایک انچ سائز کی چار ۴عدد لوہے کی کیل لیں، اوّل آخر گیارہ ۱۱مرتبہ درود، ابراہیمی شریف بعد میں اکتالیس ۴۱بار سورۃ المزمل شریف پڑھیں اور پڑھتے وقت باوضو خوشبو کا استعمال کریں۔ بعد میں بوقت ساعتِ زحل، چار ۴ کیل ایک نئی ہتھوڑی سے مکان وغیرہ کے چاروں کونوں میں لگائے۔ ہر کیل پر گیارہ ۱۱مرتبہ آیتہ الکرسی شریف پڑھے اور بعد میں نابالغ بچوں میں نیاز / میٹھی چیز تقسیم کرے، اور ہتھوڑی کی دستی نکال کر پانی میں بہادیں۔ بااجازت خاص سید ادیب الحسن گیلانی

آیۃ الکرسی:

اللهُ لاَ إِلَهَ إِلاَّ هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ لاَ تَأْخُذُهُ سِنَةٌ وَ لاَ نَوْمٌ لَّهُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الأَرْضِ مَن ذَا الَّذِي يَشْفَعُ عِنْدَهُ إِلاَّ بِإِذْنِهِ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَ لاَ يُحِيطُونَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهِ إِلاَّ بِمَا شَاء وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمَاوَاتِ وَ الأَرْضَ وَ لاَ يَؤُودُهُ حِفْظُهُمَا وَ هُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ

رجعت کا مفہوم و عمل

رجعت کے لغوی معنی ہیں واپس لوٹنا، پلٹنا۔

اصطلاح میں رجعت کا مفہوم دماغ یا معاملات میں خلل کا واقع ہونا، اسکی مختلف وجوہات ہوتی ہیں۔

۱۔ دوران عمل قواعد و ضوابط میں سستی کرنا، چلہ کشی میں احتیاط سے کام نہ لینا۔

۲۔ کسی عامل کی اجازت کے بغیر عمل کرنا۔

۳۔ دورانِ چلہ پرہیز اور تبرک جمالی / جلالی اختیار نہ کرنا

رجعت اور نحوست سیارگان سے بچنے کی مجرب دعاء:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یا اللہ یااللہ یا رحمٰن یا رحیم یا کریم بحق کھیعص بحق حمعسق بحق ایاک نعبدو ایاک نستعین احفظی من نحوستہ الشمس و القمر و المشتری والزھرۃ والعطارد والمریخ ورأ س وذنب بحق یا اللہ یااحد یا صمد لم یلد ولم یو لدولم یکن لہٗ کفواً احدصلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہٖ محمّد وآلہٖ واصحابہٖ اجمعین برحمتک یاارحم الراحمین۔

طریقہ استعمال: عامل روزانہ صبح وشام اول آخر ۳-۳بار درد شریف کے ساتھ اس دعا کو ۱۱-۱۱بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیئے اور اپنے اوپر دم کرے۔

﴿استخارہ﴾

یہ استخارہ کے بارے میں لکھ رہا ہوں۔ استخارہ مشورہ ہے اور مشورہ کرنا سنت بھی ہے اور عقلمندی بھی ہے استخارہ ایک ایسا کام ہے جس کے کرنے سے انسان نقصان سے محفوظ رہ سکتا ہے ترمذی شریف میں آقا علیہ الصلوۃ والسلام کا فرمان عالی شان موجود ہے کہ آقا ﷺ استخارہ کی تعلیم اس طرح فرماتے تھے جسطرح آیات قرآنیہ کی تعلیم استخارہ اپنے رب سے مشورے کا ایک ذریعہ ہے جسکے کرنے سے رب اپنے بندے کو ندامت سے محفوظ رکھتا ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے مجھے فرمایا اے انس جس کام کا بھی ارادہ کرو استخارہ کرلیا کرو استخارہ سات مرتبہ کرو پھر جو تمہارے دل پر القا ہو اس پر عمل کرو۔

استخارہ اوّل:

جس دن استخارہ کرنا ہو اس دن کی تمام نمازیں ادا کرنی ہیں عشاء کی نماز کے بعد دو رکعت نفل استخارہ کی نیت سے پڑھے نوافل ثواب حضور غوث پاک کی روح کو بخشے اس کے بعد سورہ کوثر ایک بار پڑھ کر يَارَشِيْدُ اَرْشِدْ لِيْ يَا عَلِيْمُ عَلِّمْنِيْ من حال تین سو بیس ۳۲۰ مرتبہ پڑھے اپنے ہاتھوں پہ دم کرے اور سیدھے پہلو پر قبلہ رخ ہو کر سو جائے۔ تین دن میں انشاء اللہ جو معلوم کرنا چاہتا ہے معلوم ہو جائے گا۔

استخارہ دوّم:

اس استخارہ کو جمعہ کے دن کرنا بہتر ہے، جس دن استخارہ کرنا ہو غسل کرے اور اچھے کپڑے پہنے اور شام کو استخارہ کرنے سے پہلے خوشبو لگائے اور تمام نمازیں پڑھے پہلے گیارہ ۱۱ مرتبہ درود پاک پڑھے یا بَدِيْعَ الْعَجَائِبِ يَاكَاشِفَ الْغَرَائِبِ گیارہ سو ۱۱۰۰ مرتبہ پڑھے پھر گیارہ ۱۱ مرتبہ درود پڑھے جو مقصد ہے اسکا تصور کر کے سو جائے انشاء اللہ خواب میں اسکی رہنمائی ہو جائے گی۔

استخارہ سوئم:

اس استخارہ کا بھی طریقہ وہی ہے کہ غسل کرنا، نئے کپڑے، خوشبو، دو رکعت، صلوۃ الحاجت اس کے بعد اول وآخر ۱۱-۱۱ مرتبہ درود شریف اس سبق کو ۱۴۱ مرتبہ پڑھنا ہے اَللّٰھُمَّ اخِرْلِیْ اَخْتِرْلِیْ بِحَقِّ یَاحَبِیْبَ اللهِ ﷺ۔

استخارہ چہارم:

اس استخارہ میں غسل کر کے کپڑے پہنے، خوشبو لگائے دو رکعت صلوۃ الحاجت پڑھ کر اس سبق کو تین سو ساٹھ ۳۶۰ مرتبہ پڑھے اول آخر درود پاک اللّٰھُمَّ اخِرْلِیْ اَخْبِرْنِیْ یا عَلِیْمُ عَلِمْنِیْ یا بَصِیْرُ اَلْبعرِنِیْ یَارَشِیْدُ اَرْشِدْنی۔

استخارہ پنجم:

اس استخارہ کا طریقہ کار وہی ہے اس میں عشاء کی۔ نماز کے بعد تین سو تیرہ ۳۱۳ مرتبہ سورہ اخلاص پڑھنی ہے، اور اپنے بستر پر جا کر اَلنُّوْرُ اَلظَّاهِرُ اَلْبَاسِطُ کو بلا حساب پڑھنا ہے یہاں تک آپ سو جائیں انشاء اللہ رہنمائی مل جائے گی۔

﴿تشخیص کا بیان﴾

میں آپ قارئین کو ایک ایسا طریقہ بتاتا ہوں جو آج کل کے نام نہاد عاملین کو پتہ بھی نہیں کہ اصل عامل کے لیے ضروری پہلے تشخیص ہے بعد میں علاج اس باب میں آپ کو مختلف طریقوں سے تشخیص کرنے کے طریقے بیان کروں گا اصل میں نام نہاد عاملین کو تشخیص کا پتہ نہیں ہوتا اور وہ مریض کو اور اسکے گھر والوں کو جھوٹ بول کر حد سے زیادہ پریشان کر دیتے ہیں، ان سے مختلف حربے استعمال کر کے بے جار قوم وصول کرتے ہیں مریض کو جو مرض ہوتی ہے وہ اپنی جگہ ہی ہوتی ہے اور عامل جھوٹ بول کر ان کا مالی نقصان بھی کر دیتے ہیں۔

ا۔ تشخیص بذریعہ پانی:

شیشے کے گلاس میں تازہ پانی مریض کو دائیں ہاتھ میں پکڑائیں، عامل مریض کو درود شریف پڑھنے کا کہے اور خود اول آخر درود شریف ۳-۳ بار اور سورۃ الفلق و سورۃ الناس ۳-۳ پڑھکر پانی پر تین بار پھونکیں ماریں اور مریض کو کہیں کہ بسم اللہ پڑھ کر تین گھونٹ پانی پیئے اگر مریض کو پانی سے خوشبو آئے یا عرق گلاب کی خوشبو آئے تو مریض پر جنات کا اثر ہے۔ اگر مریض کو بدبو آئے یا مٹی جیسی بدبو آئے تو جادو تعویذات کا اثر ہے اگر ذائقہ نہ بدلے تو کچھ بھی نہیں ہے ایسا تین بار کریں۔ انشاء اللہ تسلی بخش تشخیص ہو گی۔

۲۔ تشخیص بذریعہ توجہ:

مریض کو سامنے بٹھائیں آنکھیں بند کروادیں اور کہیں کہ مریض اپنے آپ کو عرش کے سایہ کے نیچے تصور کرے اور عامل یہ تصور کرے کہ ہم دونوں عرش عظیم کے سائے کے نیچے ہیں، اور مریض پر مکمل توجہ ڈالیں عامل سورۃ الفاتحہ تین ۳ بار اور سورۃ البقرۃ کی آخری دو ۲ آیات آمَنَ الرسول تا آخر تین ۳ بار تلاوت

کرے چاروں قل ایک ایک بار پڑھکر مریض پر دم کریں اگر مریض پر بوجھ آئے تو جنات اور سایہ کی علامت ہے اگر مریض کو کچھ بھی محسوس نہ ہو تو جسمانی مرض ہے۔

۳۔ تشخیص بذریعہ نقش:

درج ذیل نقش مریض کے دونوں ہاتھوں میں پکڑائیں اور مریض غور سے دیکھتا رہے اگر مریض رونے لگے تو آسیب ہے اگر ہنسنے لگے تو جادو ہے۔ اگر خاموش رہے تو جسمانی بیماری ہے۔

نوٹ: مریض چھوٹے دائرے میں غور سے دیکھے۔

تشخیص بذریعہ مؤکلات:

اس تشخیص کی مختصر زکوٰۃ ادا کرنا ضروری ہے۔

زکوٰۃ کا طریقہ: بعد نماز عشاء دو رکعت نفل قضائے حاجت کی نیت سے ادا کریں اور آول آخر ۱۱-۱۱ بار درود شریف درمیان میں سورۃ اخلاص چھیاسٹھ ۶۶ بار اور یہ عزیمت تین سو تیرہ ۳۱۳ بار پڑھیں۔

عزمت علیکم یا مؤکلات سورۃ اخلاص حاضر شو تشخیص الامراض سلیمان بن داؤد علیہ السلام ۔

طریقہ تشخیص: مریض کو سامنے بٹھائیں یا کہیں بھی ہو اُس کا مکمل تصور کریں اور آنکھیں بند کر کے تین ۳ بار درود شریف پڑھیں گیارہ ۱۱ بار سورۃ الخلاص اور درج ذیل کلمات بار بار پڑھے۔ عامل کو القاء ہو گا یا کان میں آوز آئے گی مریض کے بارے میں معلومات ہو گی۔ کلمات یہ ہیں، یا نبی اللہ سلیمان بند داؤد علیہ السلام سورۃ اخلاص کے مؤکلات حاضر ہو کر جلدی مریض کے بارے میں معلومات دیں کہ اس کو کیا بیماری ہے۔

﴾مراقبہ﴿

تمام خیالات کو ذہن سے نکالتے ہوئے نہایت یکسوئی کے ساتھ ذہن کو اپنے قابو میں کرے توجہ اور دھیان کو ایک مرکز پر جمع کر کے اپنے اندر کی روحانی قوتوں کو بیدار کرنے کے لئے مراقبہ کیا جاتا ہے۔

تعریف:

مراقبہ ایک ایسی کیفیت کا نام ہے جس میں مراقبہ کرنے والا اپنے اندر کے احساس اور شعور کو بیدار کر کے اسے فطرت کے تمام پہلوؤں سے روشناس کراتا ہے۔ جس سے اس کی روحانی قوتوں میں اضافہ ہو جاتا ہے اور اس میں وہ قوت بیدار ہو جاتی ہے جس سے وہ خیالات کو بھی کنٹرول میں کر لیتا ہے، بلکہ حالت مراقبہ کے اندر دوسروں کے ذہن کے اندر جھانک سکتا ہے۔ روحانی علوم کے حصول کے لئے مراقبہ بہت ضروری ہے۔

ضروری ہدایات:

مراقبہ کرتے ہوئے درج ذیل باتوں کا خیال رکھا جائے تو بفضل خدا تعالیٰ مطلوبہ مقصد میں جلد کامیابی ہوتی ہے۔

۱۔ جسمانی صفائی کا لحاظ رکھتے ہوئے غسل کرے۔

۲۔ پیٹ بھرا ہوا نہیں ہونا چاہیئے۔

۳۔ ایسی جگہ مراقبہ کیا جائے جہاں کا ماحول نہایت پر سکون ہو۔

۴۔ مراقبہ کے دوران کسی طرح کی خلل اندازی اور دخل اندازی کا اندیشہ بالکل نہ ہو۔

۵۔ مراقبہ دوزانو بیٹھ کر کریں۔

۶۔ نہایت پرسکون اور آرام دہ حالت میں بیٹھیں اور اپنے اوپر کسی قسم کا بوجھ نہ لیں۔

۷۔ مراقبہ کے لئے ایک وقت مقرر کیا جائے اور روزانہ وقت مقررہ پر مشق کی جائے۔

۸۔ مراقبہ کرتے ہوئے چہرے کا رخ شمالی جانب رکھا جائے تا کہ مقناطیسی کپڑوں سے اچھی طرح استفادہ کیا جائے۔

۹۔ مراقبہ کرتے ہوئے سب سے پہلے اپنی توجہ کسی بھی چیز پر مرکوز کی جائے۔

۱۰۔ مراقبہ کا وقت ابتدائی مشق میں کم از کم تین منٹ کا ہونا چاہیئے۔

۱۱۔ رفتہ رفتہ وقت میں اضافہ کرتے جائیں۔

۱۲۔ اگر ابتدائی مرحلے میں توجہ و یکسوئی نہ ہو اور دھیان ادھر ادھر بھٹکنے لگے تو گھبرائیں نہیں بلکہ قوت ارادی سے کام لے کر رفتہ رفتہ خیالات کو ایک نقطہ پر مرکوز کیا جائے۔

۱۳۔ جب عبور حاصل ہو جائے تو مراقبہ کے دوران ذہن کو جسم سے مکمل طور پر خالی رکھا جائے۔

۱۴۔ جب آپ کو کمال درجہ حاصل ہو جائے تو رفتہ رفتہ اپنی تمام قوت کو اکٹھی کریں تا کہ اصل حقیقت سے آگاہی ہو جائے۔

۱۵۔ مراقبہ کا عمل ختم کرنے کے بعد جسم اور ذھن کو نارمل حالت میں رہنے دیں تا کہ قلبی اور جسمانی اطمینان اور سکون حاصل ہو سکے۔

ان ہدایت پر عمل کر کے مراقبہ کا عمل نہایت آسان اور کامیابی سے پورا کیا جا سکتا ہے۔

فوائد:

جب کوئی انسان مراقبہ کرنے کا عادی ہو جاتا ہے تو اس کے گناہ کم ہو جاتے ہیں اور نیکیاں بڑھ جاتی ہیں کیونکہ جب وہ مراقبہ میں جائے گا تو اسکے سارے اعمال اسکے سامنے آجائیں گے جب وہ اپنے اچھے اور برے اعمال کا اپنی آنکھوں سے مشاہدہ کریگا تو وہ ہر قدم سوچ سمجھ کر اٹھائے گا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے مراقبہ سے انسان کا دل خوف خدا سے بھر جاتا ہے جس دل میں اللہ رب العزت کا خوف آجائے تو وہ دل ہر قسم کے عیب و نقص سے پاک ہو جاتا ہے۔

عملیات اور وظائف کے بیان وہدایات

ہدایات:

عملیات ایک ایسا علم ہے جس میں اگر کوئی انسان داخل ہو جائے تو اس عامل کی دنیا اور آخرت دونوں سنور جاتی ہیں۔

بشرطیکہ نیک نیتی سے کیا جائے سب سے پہلے جو عامل کے لئے ضروری چیز ہے وہ ہے کسی کامل کی اجازت کامل سے مراد استاد مرشد کا ہونا ہے جب انسان مرشد اور استاد کی اجازت سے کوئی بھی عمل کرے گا تو اس عامل کو اس عمل کی مکمل تاثیر حاصل ہوگی ایک شخص کو مکمل کئے بغیر کوئی فائدہ حاصل نہیں ہوگا کیونکہ عملیات میں پہلی شرط اجازت عمل ہے دوسری مکمل طور پر پرہیز جلالی و پرہیز جمالی ہے اگر کوئی شخص بغیر اجازت کے اور بغیر پرہیز کے عمل کرتا ہے تو یقیناً اس نے اپنا وقت ضائع کیا تیسری شرط یکسوئی ہوتی ہے۔

جو عمل کر رہا ہے اسکی مکمل توجہ اس عمل کی کامیابی پر ہونی چاہیئے۔ میں نے جو ہدایت لکھی ہیں، جو بھی ان پر عمل کر کے کوئی بھی عمل کرے گا تو اللہ رب العزت اسے ضرور کامیابی سے نوازے گا مجھ فقیر کی دعائیں ہر عامل صحیح العقیدہ کے ساتھ ہیں۔

بسم اللہ شریف کا عمل اور زکٰوۃ:

اس کتاب میں سب سے پہلے بسم اللہ شریف کا عمل اور زکٰوۃ کا ذکر کیا جا رہا ہے سب سے پہلے تو حدیث پاک کی روشنی میں کہ ہمارے آقا صلٰوۃ والسلام نے فرمایا جو بھی کام بسم اللہ کے بغیر شروع کیا جائے وہ رد ہے۔

ہر عامل کو سب سے پہلے بسم اللہ شریف کا عمل کرنا چاہیئے جس سے عامل کو ہر کام میں ہر عمل میں مدد حاصل ہوتی ہے بسم اللہ شریف کے انیس ۱۹ حروف ہیں اور ۱۹ دوزخ کے فرشتے ہیں اور انیس ۱۹ دروازے ہیں۔

نوٹ: جو کہ بندہ بسم اللہ شریف کو ۷۰ ہزار مرتبہ پر تبہ پڑھ لیتا ہے اس پر دوزخ کی آگ حرام ہو جاتی ہے۔ بسم اللہ شریف کی زکوٰۃ ادا کرنے کے طریقے لکھ رہاہوں اور ہر عمل کی اجازت بھی اس شخص کو دے رہاہوں جو میری کتاب کو خریدے گا جو کتاب نہیں خریدے گا اسکو اجازت نہیں ہے۔

عمل اول: (بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ)

طریقہ: جو بندہ ہر نماز کے بعد پانچ ۵ ہزار مرتبہ پانچ نمازوں میں پچیس ۲۵ ہزار مرتبہ پڑھ لے تو پانچ دن میں زکوٰۃ ادا ہو جائے گی یعنی پانچ ۵ دنوں میں وہ بندہ بسم اللہ شریف کا عامل ہو جائے گا شرط پرہیز جلالی وجمالی کے ساتھ عمل کرے گا۔

عمل دوئم: (بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ سے تسخیر کا عمل)

جو بندہ تسخیر خلائق کا خواہشمند ہو اسکو چاہیئے کہ جب سورج طلوع ہو رہا ہو تو سورج کی طرف منہ کر کے سات سو چھیاسی ۷۸۶ مرتبہ پڑھے یہ چالیس دن کا عمل ہے اس سے بہت زبردست تسخیر ہوتی ہے۔

عمل سوئم:

جو بندہ بسم اللہ کی زکوٰۃ ادا کرنا چاہتا ہو تو اسکو چاہیئے کہ عشاء کی نماز کے بعد دو رکعت نفل الگ کمرے میں ادا کرے اور پاس خوشبو کا اہتمام کرے اول گیارہ ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر پھر آخر میں گیارہ ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھے اسکے بعد اٹھ جائے یہ عمل بارہ ۱۲ دن کا ہے زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد روزانہ سات سو چھیاسی ۷۸۶ مرتبہ یا تین سو تیرہ ۳۱۳ مرتبہ اپنے ورد میں رکھے۔

۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶
۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶
۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶

الرحیم	الرحمٰن	اللہ	بسم
بسم	اللہ	الرحمٰن	الرحیم
الرحمٰن	الرحیم	بسم	اللہ
اللہ	بسم	الرحیم	الرحمٰن

کلمہ شریف کے عملیات وزکوٰۃ

سب سے پہلے کلمہ شریف کی تعریف اور اس کے فوائد، سب سے پہلے تو ہم جو عمل کر رہے ہیں اس عمل کی حقیقت کو جاننا ضروری ہے کلمہ طیبہ کی سب سے بڑی فضیلت کہ جو بھی اسکو پڑھے گا وہ اسلام میں داخل ہو جائے گا آقا کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے جبل ابو قیس پر جب مشرکین مکہ سے مخاطب ہو کر اعلان کیا تو فرمایا قولو الالہ الا اللہ تفلحو جس جس نے پڑھا وہ مشرف باسلام ہوا اور جس نے انکار کیا وہ ہمیشہ کے لئے بدبخت ہو گیا پھر جب ہم کلمہ شریف کو لکھتے ہیں تو وہ دو جزو میں نظر آتا ہے پہلا جزو لاالہ الا اللہ دوسرا جز محمد رسول اللہ ﷺ پہلے توحید کا اقرار کرتے ہیں پھر رسالت کا اقرار کرتے ہیں اگر کوئی ساری زندگی لاالہ الا اللہ پڑھتا رہے تو اسکا وہ عمل اس وقت تک اللہ تعالیٰ قبول نہیں فرماتا جب تک وہ محمد رسول اللہ ﷺ نہ پڑھے رب کو تو سب مانتے ہیں اصل بندہ مسلمان اور مومن تب بنتا ہے جب وہ آقا کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی رسالت کا اقرار کرے اب کلمے کی خوبصورتی دیکھیں نہ پہلے جزو میں کوئی نقطہ ہے نہ دوسرے جزو میں دوسری خوبصورتی کلمہ شریف کے کل چوبیس ۲۴ حروف ہیں۔

حدیث پاک میں آیا ہے لکل شیئی مقالۃ ومقالۃ القلب لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ﷺ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ہر چیز کے زنگ اتارنے کا کوئی آلہ ہوتا ہے اور دل کا زنگ ختم کرنے کا آلہ کلمہ شریف ہے۔ کلمہ شریف کا ورد کرنے سے سب سے بڑا فائدہ بندے کا دل زنگ سے صاف ہو جاتا ہے۔ اب کلمہ شریف کے اعمال کا ذکر کرتے ہیں۔ کیونکہ اس کے ورد کرنے کے بہت سے طریقے ہیں جن میں سے چند ذکر کرتے ہیں تاکہ قارئین ان سے فائدہ حاصل کر سکیں۔

کلمہ شریف کی زکوٰۃ:

جو بندہ کلمہ شریف کی زکوٰۃ ادا کرنا چاہتا ہو اس کو چاہیئے پانچ ۵ وقت کی نماز کا اہتمام کرے اور نوچندی جمعرات کو عمل شروع کرے اور ایک الگ کمرے کا اہتمام کرے اور عمل کے درمیان بخور ضرور جلائے اور کمرے کو اچھی طرح بند کرلیں، اور حصار بھی ضرور کرلیں اور بعد نماز فجر پچیس سو ۲۵۰۰ مرتبہ پڑھے اوّل آخر گیارہ گیارہ ۱۱-۱۱ مرتبہ درود پاک پڑھے اور لباس، ٹوپی مصلیٰ وغیرہ سفید رنگ کا ہو اور لباس بغیر سلے کپڑے کا ہو۔

مؤکل کی حاضری:

آخری دن میں یعنی دسویں یوم بعد نماز عشاء جب آپ کی پڑھائی ختم ہوگئی، آخری رات مؤکل حاضر ہو گا، اور مؤکل کو نہایت ادب سے سلام کریں اور عامل اس سے کہے ہیں آپ سے دوستی کرنا چاہتا ہوں۔ میں آپ سے دینی اور دنیاوی کاموں میں مدد لینا چاہتا ہوں۔

شرائط:

جب وہ تمام باتوں کا اقرار کرے گا۔ مثلاً ہر وقت پاک رہنا، نماز پنجگانہ ادا کرنا، زنا سے بچنا، حرام نہیں کھانا اور اس سے حاضری کا طریقہ پوچھ لیں، اور پھر السلام علیکم کہہ کر رخصت کردیں۔

عمل کا اختتام:

عمل کے اختتام کے بعد دو رکعت نماز شکرانہ ادا کریں اور شرینی سفید پر مؤکلات کی نیاز دلائیں اور عامل خود بھی کھائے اور دوسروں کو بھی کھلائے۔ روزانہ مدامت پانچ سو ۵۰۰ مرتبہ ورد میں رکھے اور مؤکل سے کوئی ناجائز کام نہ کروائے ورنہ عامل کی جان کو خطرہ ہو گا۔

﴿سورۃ الفاتحہ﴾

تعریف:

سورۃ الفاتحہ کی تعریف لکھنا میرے بس کی بات نہیں کیونکہ سورۃ الفاتحہ ایک واحد سورہ ہے جو یہ سورہ بھی ہے اور دعا بھی ہے۔ سورۃ الفاتحہ کو اُم الکتاب بھی اور اُم الشفاء بھی کہا جاتا ہے۔ سورۃ الفاتحہ کا جو عمل کرتا ہے وہ کبھی مایوس نہیں ہوتا اور کبھی ناکامی کا سامنا نہیں کرنا پڑتا۔ جو عامل سورۃ الفاتحہ کا عمل کرنا چاہے تو اس کو چاہیئے پنجگانہ نمازوں کی پابندی کرے اور اللہ تعالیٰ پر بھروسہ رکھے، اور ہمیشہ اپنے آپ کو طہارت میں رکھے اور تقویٰ اختیار کرے اور اس عمل کو مکمل پرہیز کے ساتھ کرے۔ سورۃ الفاتحہ کا عامل ہر بیماری کا علاج بھی کر سکتا ہے اور اس سے جنات جادو سحر بندش، جادو نظر بد نحوست وغیرہ کا بھی کام کر سکتا ہے۔ اس عمل سے فائدہ اٹھا کر میرے حق بھی حق دعا فرمائیں۔ آپکا خادم ڈاکٹر مبشر علی ہجویری

زکوٰۃ:

اس عمل شریف کا طریقہ مختلف ہے۔ یہ عمل مکمل جلالی جمالی پرہیز کے ساتھ کرنا ہے، اور بعد نمازِ عشاء شروع کرنا ہے یہ عمل میری زندگی کا نچوڑ ہے۔ اس عمل سے ہزاروں لوگوں کو شفا ملی ہے، اور آپ بھی کوشش کر کے فیض حاصل کریں اور میرے اساتذہ کے حق میں بھی دعا کریں۔ اللہ پاک اس عمل کرنے والے کی مشکل آسان فرمائے۔ آمین

چاند کی نوچندی جمعرات سے شروع کریں۔

عمل:

بِسم اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم

۱۔ الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ نوسونو ۹۰۹ بار پڑھیں نو ۹ دن کا عمل ہے۔ روزانہ

۲۔ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ تین سو تین ۳۰۳ بار نو ۹ دن کا عمل ہے۔ روزانہ

۳۔ مَالِكِ يَوْمِ الدِّينِ نوسونو ۹۰۹ بار پڑھیں نو ۹ دن کا عمل ہے۔ روزانہ

۴۔ إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِينُ نوسونو ۹۰۹ بار پڑھیں نو ۹ دن کا عمل ہے۔ روزانہ

۵۔ اهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ چھ سو پچیس ۶۲۵ بار پڑھیں نو ۹ دن کا عمل ہے۔ روزانہ

۶۔ صِرَاطَ الَّذِينَ أَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ چار سو ۴۰۰ بار پڑھیں نو ۹ دن کا عمل ہے۔ روزانہ

۷۔ غَيْرِ الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ سات سو ۷۰۰ بار پڑھیں نو ۹ دن کا عمل ہے۔ روزانہ

۸۔ وَلاالضّٰلین نوسو ۹۰۰ بار پڑھیں نو ۹ دن کا عمل ہے۔ روزانہ

۹۔ آمین۔ نوسونو ۹۰۹ بار پڑھیں نو ۹ دن کا عمل ہے۔ روزانہ

استعمال کا طریقہ:

کوئی انسان دوائی کھا کر تھک گیا ہو، کوئی بیماری سمجھ میں نہ آتی ہو، تو عامل کو چاہیئے کہ اکیس ۲۱ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور مریض کو پلائی انشاء اللہ سات ۷ یوم میں شفاء ہو گی۔

عمل سورۃ المزمل برائے حاضری مؤکل

عبارت عمل:

شروع سے آخر تک لیکن مندرجہ ذیل آیات کی تکرار تین تین ۳-۳ مرتبہ کرنا ہو گی۔

1 رَّبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيلًا 2 وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ ط 3 وَاسْتَغْفِرُ اللّٰهُ طإِنَّ اللّٰهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ۔

عامل کے لئے ضروری ہدایات:

اس عمل کے لئے ضروری ہے کہ عامل تقویٰ وطہارت کا پابند ہو کر اس عمل کا چلہ کرنے کا مقصد کرے، نیز پہلے کسی عامل سورۃ المزمل شریف سے اجازت لے۔ پھر پرہیز جلالی وجمالی کا پابند بن کر بعد نماز عشاء عروج ماہ قمری میں نوچندی جمعرات کو مصلے پر بیٹھ کر سب سے پہلے اپنا حصار چہار قل و آیت الکرسی سے کرے جس کا طریقہ یہ ہے کہ چار عدد دائرے اپنے گرد کھینچ کر درمیانی دائرے میں خود بیٹھے اکتالیس ۴۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اکتالیس ۴۱ مرتبہ سورۃ المزمل شریف پڑھے۔ پھر اکتالیس ۴۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر روز اوّل کا عمل تمام کرلے۔

دوران پڑھائی خوفزدہ نہ ہو:

ساتویں روز دوران پڑھائی عامل کے سامنے یکایک تین ۳ مرد اور چار ۴ عورتیں غیب سے نمودار ہوں گی۔ عامل اِن سے قطعی خوف نہ کرے ورنہ ہلاکت کا خوف ہے۔

حاضری شاہِ جنات

عبارتِ عمل: یٰٓاَیُّھَا الْمُزَّمِّلُ قُمِ الَّیْلَ اِلَّا قَلِیْلًا ہ نِّصْفَہٗٓ اَوِ انْقُصْ مِنْہُ قَلِیْلًا ہ اَوْ زِدْ عَلَیْہِ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِیْلًا ہ

نہایت کامیاب عمل:

جاننا چاہیئے کہ یہ عمل حاضری جنات کا عجیب و غریب وصدری بزرگان دین کا ہے اور بے خطا ہے ہر گز ہر گز اس میں ناکامی نہیں ہوتی۔ لیکن اس قسم کے سریع التاثیر اعمال بد قسمتی سے ہمارے مسلمان بھائیوں کے پاس ہیں جو کہ بخل میں دنیا کے تمام مذاہب و قومیتوں کو پیچھے چھوڑ گئے ہیں کاش کہ یہ اعمال مجربہ کسی غیر مسلم کے پاس ہوتا ہے تو وہ اس کو سر عام کر دیتا تاکہ ہر مذہب وملت کے لوگ اس سے فیض اٹھاتے، آج کے دور میں بھی بدھ مت، ہندو، عیسائی علمائے روحانیت نے بیشتر ممالک میں باقاعدہ طور پر سر عام ہر خاص وعام کے لیے مدارس کھول رکھے ہیں۔ جہاں پر طلبہ وطالبات کو روحانی علوم کی تعلیم دی جاتی ہے۔

کاش کہ پاکستان کے ہر شہر میں علوم مخفی تعلیم کا سلسلہ ہو جائے تاکہ جعلی پیر فقیر و جعلی عاملین کاملین سے لوگ نجات پائیں اور سچے عاملوں کا بول بالا ہو اور جھوٹوں پر خدا کی لعنت ہو۔

عامل کے لئے ضروری ہدایات:

شاہِ شان جنات کو حاضر کرنے کے لئے عامل کو عروج ماہ قمری میں ترک جلالی کرنا چاہیئے اور نماز پنجگانہ پر کاربند رہنا چاہیئے اور بعد نماز تہجد قبلہ رو جائے نماز پر بیٹھے اور گیارہ ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر عبارت عمل کو گیارہ سو ۱۱۰۰ مرتبہ پڑھے، لیکن عمل ہذا کی عبارت کو پہلے زعفران سے کورے کاغذ پر تحریر کر کے چولہے میں آگ جلائے اور دیگچی میں پانی ڈال کر پانی جب ابلے تو زعفران سے لکھے کاغذ کو ڈال دے پانی ابلتا رہے اور عامل

عبارت پڑھتا رہے ایک سو گیارہ ۱۱۱ مرتبہ عبارت کو پڑھے اوّل آخر گیارہ گیارہ ۱۱-۱۱ مرتبہ درود پاک پڑھے، اور کامیابی کے لیے دعا کرے اور چولہا بند کر کے دیگچی اتار دے اور پانی کسی کچی جگہ ڈال دے، اور یہ عمل روزانہ ایسے کرے۔

عمل عجیب سورۃ اخلاص برائے حاضری مؤکل

عبارت عمل:

یَااَحَدُیَا الصَّمَدُ یَا مَالِکُ عَبْدُالصَّمَدُ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیمِ ہ قُلْھُوَاللّٰہُ اَحَدٌ ہ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ہلَمْیَلِدْ وَلَمْیُولَدْ ہ وَلَمْ یَکُن لَّہٗ کُفُوًااَحَدٌ ہ

سریع التاثیر عمل:

یہ عمل مؤکل کا ایک نہایت سریع التاثیر و سہل قسم کا سورۃ الخلاص کا عمل ہے۔ شاید اس سے بہتر و آسان عمل آپ کو نہ ملے۔ لہٰذا ہر خاص و عام کو دعوت دی جاتی ہے کہ اس سے بھرپور استفادہ حاصل کریں اور مصنف و مؤلف کو دعائے خیر سے یاد کریں۔

عمل کا طریقہ:

پرہیز جلالی کے ساتھ اور ہر وقت باوضو ضروری ہے نوچندی بدھ کو شب کے وقت کھلے آسمان کے نیچے ایک لکڑی کی چوکی بچھا کر اس پر مصلی بچھائیں اور ایک مٹی کا کوزہ لے کر اس میں چینی بھر کر سامنے رکھیں، اور اگر بتی کا بخور روشن کریں اور اپنے گرد حصار کھینچیں۔

پھر اوّل گیارہ ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر عبارت عمل کو صرف ایک سو ایک ۱۰۱ مرتبہ پڑھ کر گیارہ ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر روز اوّل کا عمل تمام کریں اور کامیابی کے لئے دعا مانگ لیں۔ اسی طرح روزانہ وقت مقررہ پر عمل کیا کریں۔

مؤکل کا حاضر ہونا:

پہلے، تیسرے، پانچویں، ساتویں یا گیارہویں روز مؤکل ہاتھ جوڑ کر حاضر ہو گا، اور عامل سے کہے گا کہ میں حاضر ہوں۔ آپ پڑھائی بند کر دیں اس وقت پڑھائی کی تعداد مکمل کرنے کے بعد آپ اس سے کہیں کہ میں تم کو اپنے جائز معاملات کے لئے بلاؤں گا۔ تم فوراً آکر میرا کام کرنا ہو گا۔ وہ اقرار کرے گا۔ پھر آپ اس سے جلد حاضر ہونے کا طریقہ دریافت کریں اور بغیر بلائے حاضر ہونے کا عہد لے۔ وہ آپ کی تمام شرائط مان جائے گا پھر آپ اس سے تخت پر سے اٹھنے کا طریقہ بھی دریافت کر لیں۔ وہ جس طرح بتائے اسی پر عمل کریں۔ بعدہ مؤکل کو جانے کا حکم دیں۔ فوراً آپ کی نظروں سے اوجھل ہو گا۔

زکوٰۃ قائم رکھیں:

اب آپ اس عمل کے عامل ہیں۔

لیکن زکوٰۃ قائم رکھنے کے لیے روزانہ گیارہ ۱۱ مرتبہ عبارت عمل کا ورد کرنا لازمی ہے۔

نیاز کی تقسیم:

آخری دن کامیابی کے بعد سفید شرینی پر مؤکلات کی نیاز ضرور دیں اور شرینی خود بھی کھالیں اور معصوم بچوں کو بھی تقسیم کریں نمک و تلخ چیزوں کا پرہیز چیزوں کا پرہیز کریں۔

نیز کچی لہسن، پیاز بھی بالکل استعمال نہ کریں۔ میٹھی چیز کا زیادہ استعمال کریں۔ گیارہ ۱۱ یوم باوضو ہونا ضروری ہے۔ آخری دن نیاز چینی پر جو کہ روز اوّل آپ نے رکھی تھی۔ ساتھ ساتھ کوئی مٹھائی بھی جو کہ سفید ہو نیاز میں شامل کر لیں۔ جب بھی آپ کسی کام کی غرض سے مؤکل کا حاضر کریں گے فی الفور حاضر ہو کر آپ کا کام کر دے۔

عمل نادِ علی کرم اللہ وجہہ

نادِ علی شریف قضائے حاجات، حل، مشکلات میں مشہور و مقبول ہے جواہر خمسہ میں (حضرت غوث گولیاری) لکھتے ہیں کہ غزوہ تبوک میں جب لشکر اسلام پر شکست کے آثار ظاہر ہوئے تو سرورِ کائنات ﷺ مسلمانوں کی پریشان حالی دیکھ کر مغموم ہونے لگے اس وقت جبرائیل السلام یہ کلمات یعنی نادِ علی شریف لے کر آئے اور سیّدِ عالم ﷺ نے انہیں پڑھا تین ۳ مرتبہ پورے نہ ہوئے تھے کہ شیر اللہ حاضر ہوئے اور اور لشکرِ کفار پر عقاب کی طرح جھپٹے چند ہی ساعتوں میں کچھ قتل ہوئے باقی فرار ہوگئے اس فتح میں بہت ہی مال غنیمت مسلمانوں کو حاصل ہوا گویا نادِ علی کرم اللہ وجہہ شریف ایسے دشوار مشکل موقع پر تیر بہدف دعا ثابت ہوتی ہے ہر مہم میں چوبیس ۲۴ بار بعد نفل کھڑے ہو کر پڑھے اوّل آخر درود شریف گیارہ ۱۱ مرتبہ۔

نادِ علی کرم اللہ وجہہ کبیر:

نَادِ عَلِيّاً مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْناً لَكَ فِي النَّوَائِبِ كُلُّ هَمٍّ وَّغَمٍّ إِلَى اللهِ حَاجَتِي وَ عَلَيْهِ مُعَوَّلِي كُلَّمَا رَمَيْتُهُ وَ رَمَيْتَ مُقْتَضِي فِي اللهِ وَيَدُاللهِ لِي وَلِيَّ اللهِ أَدْعُوْكَ كُلِّ هَمٍّ وَ غَمٍّ سَيَنْجَلِي بِعَظَمَتِكَ يَا اللهُ وَ بِنُبُوَّتِكَ يَا مُحَمَّدُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ وَ سَلَّمَ وَ بِوِلَايَتِكَ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ أَدْرِكْنِي بِحَقِّ لُطْفِكَ الْخَفِيِّ، اللهُ أَكْبَرُ اللهُ أَكْبَرُ اللهُ أَكْبَرُ أَنَا مِنْ شَرِّ أَعْدَائِكَ بَرِيءٌ بَرِيءٌ بَرِيءٌ اللهُ صَمَدِي بِحَقِّ إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ إِيَّاكَ نَسْتَعِينُ يَا أَبَا الْغَيْثِ أَغِثْنِي يَا عَلِيُّ أَدْرِكْنِي يَا قَاهِرَ الْعَدُوِّ وَ يَا وَالِيَ الْوَلِيِّ يَا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ يَا مُرْتَضَى عَلِيُّ، يَا قَهَّارُ تَقَهَّرْتَ بِالْقَهْرِ وَ الْقَهْرُ فِي قَهْرِ قَهْرِكَ يَا قَهَّارُ يَا ذَا الْبَطْشِ الشَّدِيدِ أَنْتَ الْقَاهِرُ الْجَبَّارُ الْمُهْلِكُ الْمُنْتَقِمُ الْقَوِيُّ وَ الَّذِي لَا يُطَاقُ انْتِقَامُهُ وَ أُفَوِّضُ أَمْرِي إِلَى اللهِ إِنَّ اللهَ بَصِيرٌ بِالْعِبَادِ وَ إِلٰهُكُمْ إِلٰهٌ وَاحِدٌ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيمُ حَسْبِيَ اللهُ وَ نِعْمَ الْوَكِيلُ نِعْمَ الْمَوْلَى وَ نِعْمَ النَّصِيرُ يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيثِينَ أَغِثْنِي يَا رَاحِمَ الْمَسَاكِينِ ارْحَمْنِي يَا عَلِيُّ وَ أَدْرِكْنِي يَا عَلِيُّ أَدْرِكْنِي يَا عَلِيُّ أَدْرِكْنِي بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ

نادِ علی صغیر:

فوائد: نادِ علی کی بے شمار فوائد ہیں۔ بندہ ناچیز چند فوائد بیان کر تا ہے۔

۱۔ نادِ علی پڑھنے سے جنات دور بھاگتے ہیں۔

۲۔ نادِ علی پڑھنے والے سے جنات پناہ مانگتے ہیں۔

۳۔ نادِ علی پڑھنے والے کی تمام مشکلات آسان ہوتی ہیں۔

۴۔ نادِ علی سحر جادو کی کاٹ کے لئے بہت مجرب ہیں۔

۵۔ نادِ علی سے لاعلاج بیماریوں کا علاج بھی کیا جاسکتا ہے۔

۶۔ نادِ علی سے میاں بیوی کے درمیان محبت بھی پیدا کی جاسکتی ہے۔

۷۔ نادِ علی سے دشمن کی بربادی کی جاسکتی ہے۔

۸۔ نادِ علی پڑھنے والے میں بے شمار طاقت پیدا ہوتی ہے۔

۹۔ نادِ علی پڑھنے سے سرکار صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بھی ہوتی ہے۔

۱۰۔ نادِ علی ہر میدان میں کامیابی کی کنجی ہے۔

عبارت:

نَادِعَلِیاًمُظْھِرَالعَجَائِب تَجِدہُ عَوناًلَکَ فِي النَّوَائِبِ کُلُّ ھَمٍّ وَّغَمٍّ سَیَنْجلِی بعَظِمتِکَ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ بِنُوَّتِکَ یَا مُحَمَّد یَا مُحَمَّد یَا مُحَمَّد وَ بِوَہ یتِکَ یَاعَلِیُّ یَاعَلِیُّ یَاعَلِیُّ اَغِثْنِیْ اَدْرِکْنِی۔

عمل:

جو بندہ نادِ علی کا عمل کرنا چاہتا ہے وہ بعد نمازِ عشاء اوّل آخر گیارہ گیارہ ۱۱-۱۱ مرتبہ درود پاک پڑھے اور نادِ علی کو تین سو تیرہ ۳۱۳ مرتبہ پڑھے اور چالیس دن تک عمل کرے۔ بعد عمل کی زکوٰۃ ادا کرنے کے روزانہ ایک سو دس ۱۱۰ مرتبہ وردرکھے، اور جنات اور جادو کی بندش کو توڑنے کے لئے اکتالیس مرتبہ پانی پر دم کرے اور مریض کو پلائے انشاء اللہ کامیابی ہو گی۔

نادِ علی کے مخصوص نقوش

نقش نادِ علی کبیر:

۷۸۶

۱۴۴۷۲۶	۱۴۴۸۲	۱۴۴۸۵
۱۴۴۸۴	۱۴۴۷۹	۱۴۴۷۵
۱۴۴۷۸	۱۴۴۷۷	۱۴۴۸۳

نادِ علی کے نقوش عَلَم والا:

﴾عہد نامہ کے فوائد﴿

۱۔ جو کوئی اس عہد نامے کو زندگی بھر پڑھے گا وہ شخص ایمان کے ساتھ اس دنیا سے رخصت ہو گا اور رسول اللہ ﷺ اس کے جنتی ہونے کے ضامن ہوں گے۔

۲۔ ایک صحابی فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا کہ آدمی کے بدن میں تین ہزار بیماریاں ہیں۔ ایک ہزار حکیم جانتے ہیں، دوہزار ۲۰۰۰ دوسرا کوئی شخص بھی نہیں جانتا جو کوئی عہد نامہ کو اپنے پاس رکھے گا اللہ تبارک تعالیٰ اس کو تین ہزار ۳۰۰۰ بیماریوں سے محفوظ فرمائے گا۔

۳۔ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے سنا کہ جو کوئی عہد نامہ کو اپنے پاس رکھے گا وہ موذی جانور مثلاً سانپ بچھو وغیرہ سے حفاظت میں رہے گا بد گوئیوں سے محفوظ ہو جائے گا اور سحر جادو وغیرہ کارگر ثابت نہیں ہوں گے اگر کسی چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پانی سے دھو کر کسی بیمار کو پلائے تو شفایاب ہو گا انشاء اللہ تعالیٰ جل شانہ۔

۴۔ حضرت سیّدہ خاتون جنت رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ سے میں نے سنا کہ جو کوئی اس عہد نامہ کو عمل لائے گا اور اس کے وسیلہ سے دعا کرے گا اس کی تمام حاجتیں اللہ تبارک و تعالیٰ پوری فرمائے گا اگر مشک زعفران سے لکھ کر بارش کے پانی سے دھو کر جس کسی کو سات روز پلائے اس کا عقل فہم تیز ہو جائے گا اور حافظ ہو جائے گا۔

۵۔ حضرت مولا علی مشکل کشاء فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا کہ جو کوئی اکتالیس ۴۱ مرتبہ پڑھ کر کسی مردہ کو ایصال ثواب کر دے تو اس کی قبر مشرق سے لے کر مغرب تک کشادہ اور پر نور ہو جاتی ہے۔ اگر مردے کی قبر میں رکھے تو مردہ کو سات پیغمبروں کی عبادت کا ثواب ملے گا اور سوال منکر نکیر آسان ہونگے اور اللہ تعالیٰ ایک لاکھ گز دائیں اور چالیس ہزار گز بائیں اور چالیس ہزار گز

پاؤں سے عذاب دور کرے گا اور قبر اس کی ایسی کشادہ ہو گی کہ آنکھ کام نہ کر سکے (یعنی اس کا احاطہ نہ کر سکے) گی۔

۶۔ عہد نامہ کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ قبر میں اگر عہد نامہ رکھا ہو تو قیامت کے دن یہ عہد نامہ فرشتہ بن جائے گا، اور صاحب قبر اٹھتے وقت اسی فرشتے کو دیکھے گا اور صاحب قبر کو وہ ایک بہشتی لباس پہنائے گا اور براق پر سوار کرے گا تو اس عہد نامہ کے ساتھ اس دنیا میں محبت کی تھی اس کو بڑی خوش اسلوبی کے ساتھ پڑھتا تھا اور آج میں اس عہد کو ایفاء کرتا ہوں تاج سر پر رکھ لباس بہشتی پہن کر براق پر سوار ہو اور عہد نامہ پڑھنے والے تو جس کی شفاعت سے بخش دیا گیا ہوں جنت میں اس شخص کو اس طرح تاج و خلعت پہنے، قیامت کے دن لوگ دیکھیں گے کہ منہ چودھویں کے چاند جیسا ہو گا۔ اس کی شان و شوکت دیکھ کر لوگ شور و غل برپا کریں گے، کہ یہ کوئی پیغمبر ہے بلکہ ایک بندہ خدا ہے اور مصطفیٰ علیہ السلام کا امتی ہے دنیا میں عہد نامہ اپنے پاس رکھے اور اس کا ورد کرے اس کی وجہ سے اسے یہ سب شان و شوکت ملی ہے۔ تب مخلوق خدا افسوس کرے گی کہ ہم اتنا عرصہ دنیا میں رہے اور عہد نامہ سے غافل رہے واللہ اَلملم بالصواب۔

عہد نامہ:

قُلِ ا للّٰهُمَّ فَاطِرَالسَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ عَالِمَ الْغَيوب الشَّهَادَةِ هُوالرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ آعْهدُ اَلَیْکَ فِی هَذهِ الحَیٰوۃِ الدُّنیا اَشْہَدُاَنْ لَّآاِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ وَحْدَکَ لَاشَرِیْکَ لَہُ اَشْہَدُاَنَّ مُحَمَّدًاعَبْدُہٗ وَرَسُوْلُکَ فَلَا تکِلْنِیْ اَبِی نَفْسِی اِنْ تکِلْنِیْ الی نَفْس تُقَرِبْنِی اِلّا اِشَّرِوتُو بَاعِدْنی مِنَ الخَیْرِوَاِنِّیْ لَاتخلِفُ المِیْعَادِ ط وَصَلّیَ اللّٰہُ تعا لٰی علیٰ خَیرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّآلہٖ وَآصْحَا بِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَ حْمَتِکَ یَااَلرَّحَمِ الرَّاحِمِیْن۔

﴿ہانڈی کا مجرب عمل﴾

جس عامل نے درج ذیل کلمات میں سے کسی ایک کی زکوٰۃ ادا کی ہو وہ ہانڈی کا عمل کر سکتا ہے۔ آیۃ الکرسی، سورۃ المزمل۔

نادِ علی، حصار قطبی، ان میں سے جس کی زکوٰۃ ادا کی ہو گی وہ ہانڈی کا عمل کر سکتا ہے۔

جنات، آسیب، جادو، وغیرہ اور لاعلاج بیماریوں کے لئے ہانڈی کا عمل کیا جا سکتا ہے۔ موذی امراض کے لئے سات ۷ تا اکیس ۲۱ بار یہ عمل کیا جا سکتا ہے۔

طریقہ عمل: ایک پاؤ کالے ماش، مریض کے ہاتھ و پاؤں کے ناخن، سر کے سات ۷ عدد بال، استعمال شدہ کپڑے کا ٹکڑا، اور ایک عدد درج ذیل نقش بنا کر ان سب پر درج بالا عمل (جسکی زکوٰۃ ادا کی ہو) سات ۷ بار پڑھ کر دم کریں اور مریض سے ہانڈی میں ڈلوائیں۔ ہانڈی میں ڈال کر گل حکمت کریں اور پھر مریض کے سر سے تین ۳ بار وار ہلکی آنچ پر رکھیں۔ اگر معاملہ سخت ہو تو ہانڈی کو اڑھائی گھنٹے آگ پر رکھیں۔ اگر نارمل معاملہ ہو تو پونا گھنٹہ آگ پر رکھیں۔ ہانڈی سے بدبودار قسم کا خون نما مواد نکلے گا جب سب کچھ جل جائے گا تو گھر سے باہر جا کر اس ہانڈی بہتے پانی میں ڈال دیں اور مریض کو غسل کروائیں۔ روزانہ زوال کے وقت یا بعد نمازِ عصر، مغرب سے پہلے یہ عمل کریں۔ کم از کم تین ۳ بار تک یہ عمل کریں اگر مریض کی حالت ٹھیک نہ ہو تو مزید ایام بڑھائے جا سکتے ہیں۔

نقش یہ ہے:

۷۸۶

۷۰۱	۷۰۴	۷۰۷	۶۸۴
۷۰۶	۶۸۵	۷۰۰	۷۰۵
۶۸۶	۷۰۹	۷۰۶	۶۸۹
۷۰۳	۶۸۸	۶۸۷	۷۰۸

ہر چہ در وجود فلاں بن فلاں یا در خانہ

فلاں جنات آسیب، چڑیل، بھوت، جادو، سحر، جوگ جوگنی

نظر بد و موضی امراض است دریں

ہانڈی بسوزد بسوزد بسوزد

ہر قسم کے دردوں کو ایڑی لگانے والا عمل

سوا دو کلو سرسوں کا تیل کسی کٹورے میں ڈالیں جو کھلے منہ والا ہو، اس کو آگ پر رکھ کر خوب ابالیں اور عامل درج ذیل سات ۷ سلام کو سات ۷ بار اوّل آخر پانچ پانچ ۵-۵ بار درود شریف پڑھ کر تیل کو چولہے سے اتار کر اس پر دم کریں اور تھوک دیں پھر اپنی ایڑی دائیں پاؤں کی اس گرم تیل میں ڈالیں خیال رہے کہ پاؤں نیچے تہہ کے ساتھ اور کٹورے کے کنارے کے ساتھ نہ لگے صرف تیل میں لگا کر مریض کے درد والی جگہ تین ۳ بار گھما دیں۔ انشاء اللہ درد ختم ہو گا اور اس سے ہر بیماری کو ایڑی لگائی جا سکتی ہے۔ مکمل طریقہ کے لئے مصنف سے رابطہ کریں۔

سات سلام یہ ہیں:

سَلَامٌ قَوْلًا مِّن رَّبٍّ رَّحِيمٍ

سَلَامٌ عَلَىٰ نُوحٍ فِي الْعَالَمِينَ

سَلَامٌ عَلَىٰ إِبْرَاهِيمَ

سَلَامٌ عَلَىٰ مُوسَىٰ وَهَارُونَ

سَلَامٌ عَلَىٰ إِلْيَاسِينَ

سَلَامٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوهَا خَالِدِينَ

سَلَامٌ هِيَ حَتَّىٰ مَطْلَعِ الْفَجْرِ

﴿اونٹ کی ہڈی کا مجرب عمل﴾

جس گھر یا فیکٹری یا دوکان پر بار بار جادو ہوتا ہو یا جنات بار بار تنگ کرتے ہوں۔ یا مسلط کئے جاتے ہوں ان سب سے حفاظت کے لئے اور پرانے اثرات کو ختم کرنے کے لئے، آٹھ ۸ جنات کی ڈیوٹی لگ جاتی ہے۔ جو ہر قسم کے جادو، جنات، اثرات، آسیب وغیرہ سے حفاظت کرتے ہیں۔

اونٹ کی سالم ہڈی لیں (یعنی ایک جوڑ سے دوسرے جوڑ تک مکمل ہڈی ہو درمیان سے ٹوٹی ہوئی نہ ہو) لیکر اس کو صاف کریں، پھر تنہائی میں بیٹھ کر لوبان بخور جلا کر اوّل آخر گیارہ گیارہ ۱۱-۱۱ بار درود شریف اور درمیان میں سورۃ یٰسین تین ۳ بار، سورۃ الرحمٰن تین ۳ بار، سورۃ عبس تین ۳ بار، آیۃ الکرسی گیارہ ۱۱ بار، چاروں قل گیارہ گیارہ ۱۱-۱۱ اس ہڈی پر دم کر کے حکم لگائیں۔

حکم: ☆☆ اے رؤسائے اربعہ اس ہڈی پر آٹھ ۸ حفاظتی جنات کی ڈیوٹی لگائیں جو اس گھر کی حفاظت کریں اور پہلے سے جو جنات اثرات جادو ہیں ان کو ختم کریں۔

نوٹ: اجازت خاص کے لئے رابطہ فرمائیں۔

مُندرہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ

جادو، جنات اور شریر مخلوقات سے حفاظت کے لئے اور ہر قسم کے سحر جادو کے توڑ کے لئے لاجواب چیز ہے۔

اس عامل سے جنات پناہ مانگتے ہیں۔

کوئی بھی عامل مندرہ کے عامل کو مات نہیں دے سکتا ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

الحمد کہو خدا کو درود مصطفیٰ کو

شاہِ مرداں شیر یزداں قوت پروردگار

لافتح الاّ علیؑ لاسیف الاّ ذوالفقار

مردان شاہ علی کی ضرب زور سے لگا

غائبات پر سوار ہوئے آپ شہنشاہ

اللہ لا الہ ھو الحی القیوم کو پڑھ آپ مرتضیٰ

سبحان اللہ پڑھ کر کمر باندھ لیا گیا

اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ و الطَّيِّبَاتُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلَى عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ کی ڈھال لئے اٹھا

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ ہ أَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِأَصْحَابِ الْفِيلِ ہ أَلَمْ يَجْعَلْ كَيْدَهُمْ فِي تَضْلِيلٍ ہ وَأَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا أَبَابِيلَ ہ تَرْمِيهِمْ بِحِجَارَةٍ مِنْ سِجِّيلٍ ہ فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَأْكُولٍ کی شمشیر لئی اٹھا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ہ لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ہ اِيْلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ ہ فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ہ اَلَّذِیْ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ہ مسان لا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ہ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ہ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ہ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ ہ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ہ کا نیزہ دست میں لے آ

یا مزمل یا قہار کا تیر کش

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ہ وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ ہ وَطُوْرِ سِيْنِيْنَ ہ وَهٰذَا الْبَلَدِ الْاَمِيْنِ ہ لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْٓ اَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ ہ ثُمَّ رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ سَافِلِيْنَ ہ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ہ فَمَا يُكَذِّبُكَ بَعْدُ بِالدِّيْنِ ہ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَحْكَمِ الْحٰكِمِيْنَ ہ کی گرز آپ لئی اٹھا

حضرت امیر المومنین کمر باندھ سوار ہوا کھڑا

لا الہ پڑھکر جبرائیل کو بلا

مندرہ الا انت کا میکائیل بھی آ

سبحانک اسرافیل جلدی پھیر اپا

انی کنت عزرائیل یا علی چڑھے دھا

